| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پہلا ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ا' تا 'آ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ا' کی پہچان کر سکیں اس کی آواز، اوراس سے شروع ہونے الفاظ بتا سکیں۔ | بچوں کوحروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف: بچوں کوحرف ۔ا۔ کافلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ۔ا۔ ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو۔ا۔ سے شروع ہونے والی نظم سنائی جائے گی۔<br>ابولائے موٹر کار چابی سے وہ چلتی ہے ابولائے موٹر کار<br>اس کے نیچے پہیے چار پوں پوں کرتی ہے اس کے نیچے پہیے چار<br>آگے جائے پیچھے جائے<br>دائیں بائیں وہ مڑ جائے<br>بچوں کوحرف ۔ا۔ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کران کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | مرکزی سرگرمی: پلے ڈو سے حرف ۔ا۔ بنانے کی مشق: بچوں کومختلف رنگوں کی پلے فراہم کی جائے گی ۔سفید بورڈ پرحرف ۔ا۔ فلیش کارڈ چسپاں کرکے پلے ڈو سے ۔ا۔ بنانے کی مشق کروائی جائے گی ۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 2 کھولنے کو کہا جائے گا ۔ا۔ پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ نمبر 3 پر ۔ا۔ کے الفاظ (الو، انگور، استری، انڈہ) بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ 3،2 | |
| | اختتامیہ: حرف ۔ا۔ کافلیش کارڈ دکھا کراس کا تلفظ اورآواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پہلا ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ا' کی پہچان کر سکیں اس کی آواز، اور اس سے شروع ہونے الفاظ اور بناوٹ بتا سکیں۔ | دہرائی: 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ |
| | تعارف: بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ا' کی کہانی سنیں گے۔ آج اتوار کا دن ہے۔ ایمن کے ابو اخبار پڑھ رہے ہیں۔ ایمن کی امی الماری ٹھیک کرتے ہوئے ایمن کو بتا رہی ہیں کہ اپنے ہاتھ سے خود کام کرنے والا انسان اللہ کو بہت پسند ہے۔ ایمن نے کہا امی اب سے اپنی گڑیا کے کپڑے میں خود استری کروں گی۔ بچوں کو 'ا' سے شروع ہونے والے پھلوں کے فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے اور ان کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کس کا نام حرف 'ا' سے شروع ہوتا ہے۔ | 10 منٹ | انار، انگور، اناس کے فلیش کارڈ | حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | مرکزی سرگرمی: بچوں کو کتاب صفحہ 4 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ احمد انار کے دانوں میں لکھے حرف 'ا' کو تلاش کر رہا ہے۔ حرف 'ا' کے گرد دائرہ بنا کر احمد کی مدد کرنے کو کہا جائے گا بچوں کو کتاب صفحہ 5 پر تصاویر میں چھپے حرف کو نقطوں کی مدد سے مکمل کرنے کو کہا جائے گا تصاویر میں رنگ بھرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 4,5 | |
| | اختتامیہ: بچوں سے 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ باری باری پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | گھر کا کام: کتاب صفحہ نمبر 6 کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پہلا ہفتہ) | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'آ' کی پہچان کرسکیں اس کی آواز، اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:** حرف 'ا' کا تلفظ، صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>حرف 'ا' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ |
| | تعارف: بچوں کو حرف 'آ' کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ حرف 'آ' ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس کی شکل 'ا' جیسی ہے لیکن اس کے اوپر مد (آ) آتی ہے۔ بچوں کو 'آ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>آؤ بچو! سنو کہانی ایک تھا راجا ایک تھی رانی راجا بیٹھا بین بجائے طوطا بیٹھا<br>چونچ ہلائے آو بچو! سنو کہانی ایک تھا راجا ایک تھی رانی | 10 منٹ | حرف 'آ' کا فلیش کارڈ<br>پی پی ٹی | حرف 'آ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | حرف 'آ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔<br>مرکزی سرگرمی: بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی جن میں حرف ۔ا۔آ۔ لکھا ہوگا اور ساتھ میں لال اور نیلے رنگ کے گیند فراہم کیے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا کہ لال رنگ کے گیند حرف 'ا' کی ٹوکری میں ڈالیں اور نیلے گیند حرف 'آ' کی ٹوکری میں ڈالیں۔ اس سرگرمی کے لیے چار چار بچوں کا گروپ بنائیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 8 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'آ' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔<br>صفحہ نمبر 9 'آ' کے الفاظ (آلو، آنکھ، آدمی، آم) بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ نمبر 10 پر 'آ' کے گرد دائرہ بنا کر بچوں کو آنسہ کی مدد کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | دوٹوکریاں<br>لال اور نیلے گیند<br>کتاب صفحہ 8،9،10 | |
| | اختتامیہ: حرف 'آ' کا فلیش کارڈ دکھا کر تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پہلا ہفتہ) | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'آ' کی پہچان، اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | دہرائی: حرف 'آ' کا تلفظ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'آ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'آ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف: بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'آ' کی کہانی سنیں گے۔ آمنہ اور آصف دونوں بہن بھائی ہیں۔ ایک دن آمنہ نے امی سے کہا کہ مجھے آملیٹ کھانا ہے۔ امی آملیٹ بنانے کے بعد آگ بند کرنا بھول گئیں۔ آصف آئینہ دیکھ رہا تھا اس نے دیکھا کہ باورچی خانے میں آگ جل رہی ہے۔ آصف نے خوب شور مچایا۔ ڈر سے اس کی آنکھوں میں پانی آ گیا۔ بچوں کو 'آ' سے شروع ہونے والے پھلوں کے نام بتائے جائیں گے (آم، آڑو، آلو بخارا)۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5منٹ | پھلوں کے فلیش کارڈ<br>پلے ڈو | |
| | مرکزی سرگرمی: 'آ' بنانے کی مشق: پلے ڈو دے کر بچوں سے 'آ' بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 11 کھولنے کو کہا جائے گا تصاویر میں چھپے حرف کو نقطوں کی مدد سے مکمل کرنے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>کتاب صفحہ نمبر 12 پر 'آ' سے شروع ہونے والی تصاویر میں رنگ بھرنے اور 'آ' کو درست بناوٹ سے لکھنے کے لیے 'آ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ<br>11,12 | |
| | اختتامیہ: 'آ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پہلا ہفتہ) | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ا' 'آ' کی پہچان ان کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور بناوٹ جان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حرف 'ا' 'آ' کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کی صوتی آواز اور ان سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تعارف: بچوں کو باری باری حرف 'ا' اور حرف 'آ' کے فلیش کارڈز دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'آ' کے اوپر کیا آتا ہے Sand Letters پر حرف 'ا' 'آ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 7 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو 'ا' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ صفحہ نمبر 7 مکمل کرنے کے بعد کتاب صفحہ نمبر 13 پر 'آ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>اختتامیہ: بچوں سے ہوا میں 'ا' اور 'آ' بنانے کو کہا جائے گا۔ صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>گھر کا کام: کاپی پر 'ا' اور 'آ' پر پنسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کتاب صفحہ 7,13 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'آ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |